نوحہ بی بی فضہؑ

کتنی عظیم تر ہے تیری ذات بی بی فضّہؑ
اللہ مانتا ہے تری بات بی بی فضّہؑ

کونین تیرے آگے کیونکر نہ ہاتھ جوڑیں
زہراؑ کے ہاتھ میں ہے تیرا ہاتھ بی بی فضّہؑ

زینبؑ سے پوچھتے ہیں ہر بات شاہِ والا
وہ تم سے پوچھتی ہے ہر بات بی بی فضّہؑ

کی تُو نے زندگی بھر آلِ نبیؐ کی باتیں
قرآن کر رہا ہے تری بات بی بی فضّہؑ

زینبؑ کا ساتھ تُو نے ماں کی طرح نبھایا
تجھ پر دُرود تجھ پر صلوات بی بی فضّہؑ

غازی کے ہاتھ خود بھی کرتے ہیں ناز جِن پر
وہ ہاتھ ہیں جہاں میں تیرے ہاتھ بی بی فضّہؑ

گذری ہیں جتنی راتیں کرب و بلا کے بن میں
سوئی نہیں ذرا بھی اِک رات بی بی فضّہؑ

تختِ یزیدت کا کر دے گی آج تختہ 391
زینبؑ کو حوصلہ ہے ، ہیں ساتھ بی بی فضہؑ

سب شامی شام میں ہی گھٹ گھٹ کے مر گئے ہیں
وہ کردئے تھے تم نے حالات بی بی فضہؑ

کر لو قبول بی بی گوہرؔ کی اِس دعا کو
لکھتا رہوں میں نوحے دِن رات بی بی فضہؑ